Shabbir / Fazil

20-12-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی آج مغربی بنگال کے نادیہ ضلعے میں تین ہزار دو سو کروڑ روپے مالیت کے قومی شاہراہوں کے پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

2- وزیراعظم آج دوپہر آسام کے دو دن کے دورے پر جائیں گے، وہ ریاست میں 15 ہزار 600 کروڑ روپے مالیت کے بہت سے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

3- وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت کے اگلے دور کے اقدامات سے شہری ترقی کو استحکام حاصل ہوا ہے جس سے ملک میں عالمی درجے کے بنیادی ڈھانچے کا خاکہ تیار ہوا ہے۔

4- بھارت اور نیدرلینڈز نے اقتصادی تعاون میں اضافے کیلئے تجارت اور سرمایہ کاری سے متعلق مشترکہ کمیٹی قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔

5- 19 سال تک کی عمر کے ایشیا کپ کرکٹ میں دبئی میں بھارت نے سری لنکا کو 8 وکٹ سے ہرایا۔ اب فائنل میں اُس کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔

6- اور، احمد آباد میں بھارت نے پانچویں اور آخری ٹی۔20 میچ میں جنوبی افریقہ کو 30 رن سے ہراکر تین۔ایک سے، سیریز جیت لی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM West Bengal

وزیراعظم نریندر مودی آج مغربی بنگال جائیں گے وہ اپنے دورے میں نادیہ ضلعے کے راناگھاٹ علاقے میں قومی شاہراہ سے متعلق دو پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔ اِن پروجیکٹوں کی مالیت تقریباً 3 ہزار 200 کروڑ روپے ہے۔ اِس موقع پر اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔

وزیراعظم مغربی بنگال کے نادیہ ضلعے میں قومی شاہراہ نمبر 34 کے باراج گُلی - کرشنا نگر سیکشن کی 46 اعشاریہ

سات کلومیٹر طویل سڑک کو چار لین میں بدلنے کے کام کا افتتاح کریں گے۔ وہ ریاست کے شمالی 24پرگنہ ضلع میں قومی شاہراہ کے 17 اعشاریہ چھ کلومیٹر طویل بارا سَت- باراج گُلی کو چار لین میں تبدیل کرنے کے کام کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اِن پروجیکٹوں سے کولکتہ اور سِلی گُڑی کے درمیان ایک اہم رابطہ قائم ہوگا، جس سے اِس سفر میں تقریباً دو گھنٹے کی کمی آجائے گی۔

اِن پروجیکٹوں سے خطے میں اقتصادی ترقی کو بڑھاوا ملے گا اور پورے خطے میں سیاحت کی ترقی کی رفتار میں اضافہ ہوگا۔x

PM Assam Visit

وزیر اعظم نریندر مودی مغربی بنگال سے آج دوپہر دو روزہ دورے کیلئے آسام کے سفر پر روانہ ہوں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب مودی ریاست میں تقریباً 15 ہزار 600 کروڑ روپے کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ دورے کے پہلے دن آج وزیر اعظم گوہاٹی میں لوک پریہ گوپی ناتھ بورڈولی بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر واقع جدید ترین Bamboo آرچڈز ٹرمنل بلڈنگ کا افتتاح کریں گے۔ یہ عمارت لگ بھگ ایک لاکھ 40 ہزار مربع میٹر پر محیط ہے۔ یہ ٹرمنل سالانہ ایک کروڑ 30 لاکھ مسافروں کے بندوبست کے حساب سے تیار کیا گیا ہے۔

پیش ہے ہمارے مغربی بنگال کے نامہ نگار کی ایک رپورٹ

VC Aminul Haq

ٹرمنل میں آسام کے حیاتیاتی تنوع اور ثقافتی ورثے کی عکاسی کی گئی ہے، جو Bamboo آرچڈز سے تحریک حاصل کرتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Aminul Haque Jwadder

PM WHO

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ یوگ نے، دنیا کو صحت، توازن اور ہم آہنگی کا راستہ دکھایا ہے۔

نئی دلی میں روایتی طریقۂ علاج سے متعلق عالمی صحت تنظیم کی عالمی سربراہ کانفرنس میں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ پچھلے برسوں میں ہر ایک نے دیکھا کہ یوگ دنیا کے کونے کونے تک پہنچ رہا ہے۔

PM on YOG

وزیراعظم نے اِس موقع پر عالمی صحت تنظیم کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر Tedros Adhanom کے ساتھ WHO - جنوب مشرقی ایشیائی خطے کے نئے آفس کامپلیکس کا نئی دلی میں افتتاح کیا۔ اِس کامپلیکس میں WHO India Country کا دفتر بھی واقع ہوگا۔ عالمی صحت تنظیم کے ساتھ بھارت کی شراکت داری میں یہ اہم سنگِ میل ہے۔x

PM Nintin Nabin

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل نئی دلّی میں BJP کے قومی کارگزار صدر نتن نابن سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے جناب نابن کو مبارکباد دیتے ہوئے پارٹی کو بنیادی سطح پر مضبوط کرنے کی جناب نابن کی کوششوں اور نئی ذمہ داری کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ نتن نابن کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اُن کی تنظیم سازی کی صلاحیت اور انتظامی تجربہ پارٹی کیلئے بیش قیمتی اثاثہ ثابت ہوگا۔×

VP Telangana MP

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن آج سے تلنگانہ اور مدھیہ پردیش کے دو روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ دورے کے پہلے دن آج نائب صدر حیدرآباد کے راموجی فلم سٹی میں پبلک سروس کمیشن کے چیئرپرسنز کی قومی کانفرنس کی اختتامی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کریں گے۔ نائب صدر کل نندی گاما کے کانہا شانتی وَنم کے Heartfulness Global Headquarters میں مراقبے کے عالمی دن کی تقریبات میں بھی مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کریں گے۔ اس کے بعد نائب صدر مدھیہ پردیش کے اندور جائیں گے، جہاں وہ اٹل فاؤنڈیشن کی جانب سے منعقد اٹل بہاری واجپئی کی پیدائش کی صد سالہ تقریبات میں شرکت کریں گے۔×

Bharat Taxi

حکومت نے صارفین کیلئے اِس مہینے کی پہلی تاریخ سے بھارت ٹیکسی کا آغاز کیا ہے، جو امدادی باہمی پر مبنی آمدروفت کی ایک پہل ہے، جس کا مقصد بھارت کے، سواری کرنے کے شعبے میں ایک ایسا منصفانہ اور شفاف متبادل فراہم کرنا ہے جس میں خود ڈرائیور ہی ذمہ دار ہوتا ہے۔

داخلی اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ کے تصور کے مطابق اِس پہل کے تحت ڈرائیورز کو ملکیت، حکم رانی اور منافع کے اشتراک کے سلسلے میں مرکزی حیثیت حاصل ہوگی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Shivang

'بھارت ٹیکسی' شروع کرنے کا اعلان اِس سال 25 مارچ کو پارلیمنٹ کے ایک اجلاس کے دوران کیا گیا تھا۔ یہ پہل اس لیے کی گئی ہے کہ ڈرائیورز اور روزمرہ آنے جانے کو والوں کو بہت سے چیلنجز درپیش ہیں۔ یہ ٹیکسیاں ''سہکار ٹیکسی کوآپریٹیو لمیٹڈ'' کے تحت چلائی جائیں گی جو کثیر ریاستی امدادِ باہمی کی سوسائٹیز کے قانون 2002 کے تحت رجسٹرڈ ہوں گی۔

اِس سے پہلے ڈرائیورز کو، پلیٹ فارم نہ ملنے، اجرت ملنے کے واضح طریقۂ کار نہ ہونے، طویل اوقات تک کام کرتے رہنے اور روزگار کی یقینی فراہمی نہ ہونے کی پریشانیاں درپیش تھیں۔ اِدھر سواریوں کو ایسی خدمات کا سامنا تھا جن پر بھروسہ نہ کیا جا سکے، گاڑی وقت پر نہ پہنچنے یا منسوخ ہوجانے، پیسے بڑھتے رہنے اور کرایوں میں شفافیت کی کمی کا سامنا تھا۔ لیکن اب اِس پلیٹ فارم کے ذریعے مناسب کرایوں، ڈرائیورز کیلئے منافع کی تقسیم اور تمام لوگوں کیلئے یکساں فیصلے کی سہولت فراہم ہوگی۔ اِس پہل کا مقصد، صارفین کو مناسب کرائے اور ڈرائیورز کو فلاح اور سماجی سلامتی فراہم کرنا ہے۔

بھارت ٹیکسی، جو ملک کی ترجیحات کے عین مطابق ہے، ایک پائیدار اور سب کی شمولیت والا آمدروفت کا ایک طریقۂ کار ہے۔ 14 نومبر دلی NCR میں ڈرائیورز ایپ کا آغاز کیا گیا تھا جس میں دس دن کے اندر اندر ایک لاکھ 10 ہزار سے زیادہ ڈرائیورز نے اندراج کرایا جبکہ کسٹمر ایپ میں 80 ہزار سے زیادہ اندراج کرائے گئے۔

شیوانگ مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .....

J&K Dagal

جموں و کشمیر میں رُستمِ جموں کشمیر خطاب 2025 کیلئے پہلی مرتبہ بین الاقوامی بھارتی کُشتی، دنگل کا انعقاد ہونے جا رہا ہے۔ یہ دنگل آج جموں کے مشہور مولانا آزاد اسٹیڈیم میں ہوگا۔ دنگل میں 100 سے زیادہ بین الاقوامی اور قومی دنگل کھلاڑی، رُستمِ جموں کشمیر خطاب 2025 کیلئے ایک دوسرے سے مقابلہ کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Gulshan Raina

دنگل میں بھارت، ایران اور دیگر کئی ملکوں کے پیشہ ور پہلوان یکجا ہوں گے، جس کی وجہ سے یہ اب تک کا سب سے بڑا کُشتی مقابلہ ہوگا۔ اس کا اہتمام مرکز کے زیرِ انتظام علاقے جموں و کشمیر نے کیا ہے۔ اس انعقاد کا مقصد خطّے کے گوناگوں دنگل ورثے کی بازیابی اور اُس کا مظاہرہ کرنا ہے۔ ساتھ ہی اَتھلیٹس کیلئے عالمی پلیٹ فارم فراہم کرنا بھی ہے۔ نئے شروع کیے گئے رُستمِ جموں کشمیر خطاب کیلئے 85 کلو گرام سے زیادہ کا کوئی بھی پہلوان مقابلہ آرائی کر

سکتا ہے۔چیمپئن کو 50 ہزار نقد، روایتی Gurj (گدا) اور پٹّہ دیا جائے گا۔ دوسرے نمبر پر رہنے والے پہلوان کو 30 ہزار روپے، تیسرے نمبر کے پہلوان کو 20 ہزار روپے اور چوتھے نمبر پر رہنے والے پہلوان کو 15 ہزار روپے نقد دیے جائیں گے۔

جموں کشمیر اسپورٹس کونسل کی جانب سے منعقد کیے جا رہے اِن مقابلوں کو مقصد کُشتی جیسے روایتی کھیل کے ذریعے اتحاد، طاقت، فٹنیس اور اپنی ثقافت پر فخر کے جذبے کو فروغ دینا ہے۔ یہ دنگل دوپہر 12 بجے شروع ہوگا، جہاں شائقین کی داخلہ مُفت رہے گا۔

جموں سے گُلشن رینا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

HP SBB Raising Day

سشستر سیما بَل، SSB آج اپنا 62 واں یومِ تاسیس منا رہا ہے۔ اس موقعے پر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ ہماچل پردیش کے کانگڑا ضلعے کے Sapri میں واقع SSB تربیتی مرکز میں، منعقد ہونے والی تقریب میں مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کریں گے۔ اس دوران جناب شاہ پریڈ کی سلامی لیں گے۔ ہماچل پردیش کے وزیر اعلیٰ سُکھوِندر سنگھ سُکھو بھی تقریب میں شرکت کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Ritesh Kapoor

تقریب کے دوران مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ SBB اہلکاروں کو بہادری کے انعامات دیں گے اور نمایاں خدمات کے بدلے صدارتی میڈل حاصل کرنے والوں کو اعزاز بخشیں گے۔ اس کے علاوہ امت شاہ سشستر سیما بَل کے مختلف پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔ اس کے بعد جناب شاہ کا SBB اہلکاروں سے خطاب کا بھی پروگرام ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ کے دورے کے مدنظر جوالامکھی سَب ڈویژن میں انتظامیہ کی جانب سے سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔

جوالامکھی کے Sapri سے رِتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Shah SBB Wish

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج سشستر سیما بَل کے یومِ تاسیس کے موقعے پر اُس کے اہلکاروں اور اُن کے افراد خاندان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ ملک کے محاذوں کی حفاظت سے لے کر بحران کے دوران شہریوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر سشستر سیما بَل نے ہمیشہ ملک کا سر فخر سے اونچا کیا ہے۔x

Shah Credati Conclave

داخلی امور اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے خاص طور پر کہا ہے کہ پچھلے 11 سال میں نئے دور کا بنیادی ڈھانچہ تیار کرنے میں خاطرخواہ پیش رفت ہوئی ہے۔ جناب شاہ نے اپنی اِس رائے کا اظہار گل نئی دلی میں، بھارت کی زمین، جائیداد کو فروغ دینے والی ایسوسی ایشنوں،CREDAI کی کنفڈریشن کے قومی اجلاس 2025 سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

وزیر موصوف نے کہا کہ بنیادی ڈھانچے کی قومی پائپ لائن، بھارت مالا، ساگر مالا اور پروَت مالا سمیت بہت سے اہم اقدامات سے شہری ترقی میں خاطرخواہ استحکام آیا ہے اور بنیادی ڈھانچے کے دنیا کے سرکردہ ملکوں میں بھارت کو ایک مقام حاصل ہوا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ ان اقدامات کے مثبت اور ٹھوس نتائج برآمد ہوئے ہیں۔

S/B Amit Shah

جناب شاہ نے Developers اور صنعتی اداروں سے زور دے کر کہا کہ وہ ایک پائیدار اور ذمہ دارانہ ترقی کے ایک مشترکہ ویژن کی جانب مل کر کام کریں۔

اِس موقع پر ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے زمین جائیداد شعبے کے اہم رول کو اجاگر کیا۔ انھوں نے اِسے ملک کی تعمیر کی ایک طاقت قرار دیا، جس سے ملک ی اقتصادی ترقی، شہروں کے مستقبل اور زندگی کے معیار کو ایک شکل مل رہی ہے۔x

India Netherland Mou

بھارت اور نیدرلینڈ نے مفاہمت نامے کے ذریعے بھارت-نیدرلینڈ مشترکہ تجارتی اور سرمایہ کاری کمیٹی، JTIC کے قیام کا اعلان کیا ہے۔ JTIC کا قیام دونوں ملکوں کے درمیان دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو مستحکم کرنے کی راہ میں اہم سنگِ میل ہے۔

اس مفاہمت نامے پر کامرس اور صنعتوں کی وزارت اور نیدرلینڈس کی وزارتِ خارجہ کی جانب سے دستخط کیے گئے۔ JTIC کے قیام سے متعلق باضابطہ اعلان نیدرلینڈ کے وزیر خارجہ David Van Weel کے بھارت دورے

کے موقعے پر کل کیا گیا۔ ×

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے بہار، ہریانہ، چندی گڑھ، دلّی، مدھیہ پردیش، اترپردیش اور اتراکھنڈ میں آج شدید گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، چھتیس گڑھ، ہماچل پردیش، جھارکھنڈ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تیرپورہ، اُڈیشہ، پنجاب، مغربی بنگال اور سکم میں بھی گھنے کہرے کی صورتحال برقرار رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ IMD نے کرناٹک کے دوردراز کے علاقے اور تلنگانہ میں سرد لہر کی صورتحال کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

اسی دوران دلّی قومی راجدھانی خطّے میں ہوا کا معیارمسلسل نہایت خراب زمرے میں ہے۔ آلودگی پر قابو پانے سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق آج قومی راجدھانی میں 7 بجے صبح ہوا کے معیار کا اوسط انڈیکس 380 درج کیا گیا۔×

Badminton

بیڈمنٹن میں چین کے شہر Hangzhou میں جاری سیزن کے اختتامی BWF ورلڈ ٹور فائنزل کے سیمی فائنل میں آج مردوں کے ڈبلز کی معروف جوڑی ساتوِک سائی راج رنکی ریڈّی اور چراغ شیٹی کا مقابلہ چین کی Liang Wei Keng اور Wang Chang کی جوڑی سے ہوگا۔ تیسرے درجے کے کھلاڑی ساتوِک اور چراغ بھارتی مردوں کے ڈبلز کی پہلی ایسی جوڑی بن گئی ہے، جو کل شام اس ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچی ہے اور گروپ B میں سرِ فہرست ہے۔

بھارت کی اس معروف جوڑی نے اپنے گروپ کے آخری میچ میں ملیشیا کی عالمی نمبر دو جوڑی Aaron Chia اور Soh Woo Yik کو سترہ-اکیس، اکیس-اٹھارہ، اکیس-پندرہ سے شکست دی۔ اس جیت کے ساتھ بھارتی جوڑی سرِ فہرست چار جوڑیوں میں پہنچ گئی ہے۔×

Cricket U19 Asia Cup

19 سال سے کم عمر کے کھلاڑیوں کے ایشیاء کپ کرکٹ کے سیمی فائنل میں کل رات دبئی میں بھارت نے سری لنکا کو 8 وکٹ سے ہرا دیا۔ فائنل میں اب بھارت کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔

شدید بارش کی وجہ سے میچ کی شروعات میں تاخیر ہوئی اور اسے گھٹا کر ہر ٹیم کیلئے 20 اوورس کا کر دیا گیا۔

پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے سری لنکا نے 8 وکٹ کے نقصان پر 138 رن بنائے۔ جواب میں بھارتی ٹیم نے 18 اوور میں صرف 2 وکٹ گنوا کر 139 رن بناتے ہوئے یہ نشانہ حاصل کر لیا۔ بھارتی کپتان آیوش مہاترے اور اُن کے سلامی جوڑی دار ویبھو سوریہ ونشی دونوں جلدی آؤٹ ہو گئے، لیکن وِہان ملہوترا اور آرون جارج نے شاندار بلّے بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نصف سنچریاں بنائیں۔

وِہان نے 45 گیندوں میں 61 رن اور آرون نے 49 گیندوں میں 58 رن بنائے۔ دونوں بلّے باز ناٹ آؤٹ رہے۔×

T-20

مردوں کے کرکٹ میں، پانچویں اور آخری ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں کل رات احمد آباد میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 30 رن سے ہرا دیا اور اس طرح بھارت نے یہ سیریز تین-ایک سے جیت لی ہے۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بھارت نے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹ کے نقصان پر 231 رن بنائے۔ بھارت کی جانب سے تلک ورما نے 73 اور ہاردِک پانڈیا نے 63 رن کی اننگز کھیلی۔ ہاردِک نے محض 16 گیندوں میں اپنے 50 رن پورے کیے اور وہ اس سنگِ میل تک پہنچنے والے دوسرے سب سے تیز بھارتی کھلاڑی بن گئے ہیں۔ جنوبی افریقہ کی جانب سے Corbin Bosch نے دو وکٹ اور Ottneil Baartman اور Goerge Linde نے ایک-ایک وکٹ لیے۔

بھارت کی جانب سے دیے گئے 232 رن کے نشانے کیلئے کھیلتے ہوئے جنوبی افریقہ 20 اوورز میں 8 وکٹ کے نقصان پر 201 رن ہی بنا سکی۔ جنوبی افریقہ کی جانب سے Quinton de Kock نے سب سے زیادہ 65 رن بنائے۔ بھارتی گیندباز وَرون چکرورتی نے 4 وکٹ لیے۔

ہاردِک پانڈیا کو پلییَر آف دا میچ جبکہ وَرون کو پلییَر آف دا سیریز قرار دیا گیا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیر رضوی

شکریہ - مجیب

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ پرتاپ نے روایتی طریقۂ علاج پر منعقدہ عالمی صحت تنظیم WHO کے دوسرے عالمی سربراہ اجلاس سے وزیرِاعظم نریندر

مودی کے خطاب کی خبر کو جلی سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اپنے خطاب میں جناب مودی نے کہا کہ یوگا نے پوری دنیا کو صحت کا راستہ دکھایا ہے اور آیوش کا وقار بڑھاہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیراعظم نریندر مودی کے آسام دورے کی خبر کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ اپنے دورے کے دوران جناب مودی 15 ہزار چھ سو کروڑ روپے کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔لوک سبھا اور راجیہ سبھا کا موسمِ سرما کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کے لئے ملتوی۔ اس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے بنگلہ دیش میں طلبہ لیڈر کے قتل کے بعد بھیانک تشدد کی خبر کو پہلی خبر کے طور پر شائع کیا ہے۔ اخبار کے مطابق ''انقلاب منچ'' کے ترجمان شریف عثمان ہادی کی موت نے ملک بھر میں بڑے پیانے پر بے چینی پھیلا دی ہے۔

جبکہ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور انقلاب نے سعودی عرب اور قطر کے کئی علاقوں میں غیر متوقع برفباری اور بارش کی خبر کو اجاگر کیا ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی آج مغربی بنگال کے نادیہ ضلع میں تین ہزار دو سو کروڑ روپے مالیت کے قومی شاہراہوں کے پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

2- وزیراعظم آج دوپہر آسام کے دو دن کے دورے پر جائیں گے، وہ ریاست میں 15 ہزار 600 کروڑ روپے مالیت کے بہت سے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

3- وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت کے اگلے دور کے اقدامات سے شہری ترقی کو استحکام حاصل ہوا ہے جس سے ملک میں عالمی درجے کے بنیادی ڈھانچے کا خاکہ تیار ہوا ہے۔

4- بھارت اور نیدرلینڈز نے اقتصادی تعاون میں اضافے کیلئے تجارت اور سرمایہ کاری سے متعلق مشترکہ کمیٹی قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔

5- 19 سال تک کی عمر کے ایشیا کپ کرکٹ میں دبئی میں بھارت نے سری لنکا کو 8 وکٹ سے ہرایا۔ اب فائنل میں اُس کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔

6- اور، احمد آباد میں بھارت نے پانچویں اور آخری ٹی۔20 میچ میں جنوبی افریقہ کو 30 رن سے ہراکر تین۔ایک سے، سیریز جیت لی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---